Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ شنبہ تاریخ ۳ شعبان المعظم ۱۳۵۶ھ مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۳۷ء جلد ۳۱

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری تجویز صاحب چیف مجسٹریٹ بابت عطائے اختیارات "سٹی مجسٹریٹی" بہ مسٹر محمد اسلم خاں صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ۔	۲
ممانعت تقرر مستقل یا غیر مستقل باشندہ ضلع غیر بلا حکم خاص اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	″
منظوری رخصت ایگزیکیٹو انجینیر صاحب انہار	۲ و ۳

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

تبادلہ ماسٹر اسرار حسین صاحب ایم اے ٹیچر ہائی اسکول بجائے انسپکٹر صاحب مدارس	۴

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ تجویز منظور ہو۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض　　　　میرسانند

جناب عالی

ضابطہ فوجداری اور مختلف احکامات کی رو سے جس قدر مقدمات کی سماعت صاحب چیف مجسٹریٹ کو بجو رخود کرنا ہوتی ہے انکی تعداد اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ دیگر ضروری کام معائنہ ونگرانی کار جملہ مجسٹریٹ صاحبان وغیرہ میں دقت ہوتی ہے۔ صاحب چیف مجسٹریٹ کی بنظر سہولت کار تجویز ہے۔ کہ بجائے اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کے اگر ایک مجسٹریٹ درجہ اول کو سٹی مجسٹریٹ بنا دیا جائے۔ اور چیف مجسٹریٹ کو اس امر کا مجاز کر دیا جائے کہ علاوہ سماعت اپیل ونگرانی دیگر جملہ مقدمات ودیگر کار متعلقہ عدالت خود سٹی مجسٹریٹ کے سپرد کر سکے تو موجودہ مشکلات رفع ہو جائینگی زر تنخواہ کو صاحب چیف مجسٹریٹ کی تجویز سے اتفاق ہے۔ اور بصد ادب عرض پرداز ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تجویز مصرحہ بالا شرف نفاذ پائے۔ اور مسٹر محمد آدم خاں اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کو سٹی مجسٹریٹ مقرر فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت واقبال جاوید باد۔

عرضی

زر تنخواہ دستخط عالی رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ مورخہ ۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء

روبکار:- 　　　　واقع ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء

اس امر کی تحقیقات کے لئے کہ ہمارے فرمان حکم ۷ اکتوبر ۱۹۳۲ء کن اشخاص کو تقرر عمل میں آیا ہے۔ فرمان مصدرہ ۸ ستمبر ۱۹۳۱ء میں ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے نیز تاریخ امروز میں روبکار صادر ہوا ہے کہ ہماری تخت نشینی سے اسوقت تک کے ایسے ملازمان کی فہرست داخل دفتر کیجائیں جو غیر باشندہ رامپور ہوں۔ رپورٹ کمیٹی مجوزہ بالا اور فہرست ملازمان غیر باشندہ کا جو اجلاس ہمایوں میں پیش ہو کر حکم صادر ہونے تک حکم دیا جاتا ہے کہ جملہ صیغہ جات ریاست میں کسی غیر باشندہ رامپور کا مستقل یا غیر مستقل جدید تقرر بلا حکم خاص ہمارے اختیار کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ عالی رتبت منسٹر صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- 　　واقع ۷ اکتوبر ۱۹۳۲ء

زیر یادداشت عالی رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدر حکم منظوری رخصت رعایتی پس یوم حضور پر مسٹر خورشید صمدانی صاحب ایگزیکٹو انجینئر اسٹار از ۹ تا ۱۷ اکتوبر ۱۹۳۲ء بغرض روانگی بمبئی بضرورت نجی۔ حسب تصدیق صیغہ فنانس متعلق استحقاق رخصت رعایتی بریں صراحت کہ زمانہ رخصت میں منیجر صاحب اسٹار علاوہ کار متعلقہ کے صاحب ایگزیکٹو انجینئر اسٹار کے معمولی کام بھی انجام دینگے۔

حکم

بموجب رپورٹ سکریٹری انجنیئر انہار کی رخصت مابین بتاریخ یوم ۸ لغایت ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۰ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں سپرنٹنڈنگ انجنیئر انہار علاوہ کار متعلقہ کے ان کو معمولی کام انجام دینگے۔ بسررشتہ صدارت احکام مناسبہ جاری ہوں۔

دستخط مبارک بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکم

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ — ۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ بابتہ منظوری تبادلہ سید اختر علی صاحب بی اے انسپکٹر مدارس و ماسٹر اسرار حسن صاحب ایم اے بی ٹی بہ تنخواہ ہائے موجودہ پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ۔ سید اختر علی صاحب بی اے موجودہ انسپکٹر مدارس کو موجودہ تنخواہ پر بحیثیت ماسٹر رضا ہائی اسکول میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ اور بجائے اُن کے موجودہ تنخواہ پر ماسٹر اسرار حسن صاحب ایم اے بی ٹی کا عہدۂ انسپکٹر مدارس تبادلہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط خاص عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل